**13.10.2024**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں اسلم بیگ

Music

..........................................................................

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے، مختلف شعبوں میں پی ایم گتی شکتی قومی ماسٹر پلان اپنائے جانے کو سراہا ہے جس سے وکست بھارت کے تصور کو پورا کرنے کے عمل کو رفتار ملی ہے۔

☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، تین افریقی ملکوں الجیریا، موریطانیہ اور ملاوی کے اپنے تین روزہ دورے کے پہلے مرحلے کے تحت آج راج الجیریا پہنچ گئی ہیں۔ افریقہ کے ساتھ مزید مستحکم تعلقات ایجنڈے میں شامل ہیں۔

☆ ممبئی کی ایک عدالت نے باباصدیقی قتل کیس میں دو ملزموں کو 21 اکتوبر تک پولیس حراست میں بھیج دیا ہے۔

☆ ہماچل پردیش میں ایک ہفتہ طویل بین الاقوامی کُلّو دسہرہ تہوار شروع ہوگیا ہے۔

☆ IMD نے تمل ناڈو، پڈوچیری، کرائیکل، کیرالہ اورساحلی آندھراپردیش میں اگلے چار دن کے دوران شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

☆ اور خواتین کے ٹی-ٹوینٹی کرکٹ عالمی کپ میں انگلینڈ نے اسکاٹ لینڈ کو 10 وکٹ سے ہرایا ایک اور میچ بھارت اور آسٹریلیا کے درمیان جاری ہے۔

..........................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

### *PM Gati Shakti*

وزیر اعظم نریندر مودی نے مختلف شعبوں میں پی ایم گتی شکتی قومی ماسٹر پلان اپنائے جانے کی ستائش کی ہے اور کہا ہے کہ اس سے وکست بھارت کے نظریے کو پورا کرنے کے عمل کو رفتار ملتی ہے۔ پی ایم گتی شکتی کے تین سال مکمل ہونے پر جناب مودی نے آج نئی دلّی کے بھارت منڈپم کے، پی ایم گتی شکتی انوبھوتی کیندر کا اچانک دورہ کیا۔ انھوں نے پی ایم گتی شکتی کے زیرِ اثر پورے ملک میں اس سے متعلق منصوبہ بندی اور عمل آوری کی کوششوں کی ستائش کی۔ انوبھوتی کیندر نے پی ایم گتی شکتی کی اہم خصوصیات، حصولیابیوں اور سنگ میل کی نمائش کی تھی۔ وزیر اعظم ODOP انوبھوتی کیندر یعنی ایک ضلع، ایک پروڈکٹ اور پورے ملک میں مختلف اضلاع میں مصنوعات کے انتخاب، برانڈنگ اور فروغ میں ODOP کی پہل کی ستائش کی۔

پی ایم گتی شکتی قومی ماسٹر پلان کا استعمال کرتے ہوئے متعلقہ وزارتوں اور محکموں نے کوئلہ، فولاد، کھاد، بندرگاہوں، خوراک اور عوامی نظامِ تقسیم جیسی معیشت کے اہم شعبوں میں ہر ایک تک رسائی کے معاملوں کی بھی نشاندہی کی ہے۔x

**Prez Visit**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، تین ملکوں الجیریا، موریتانیہ اور ملاوی کے اپنے دورے کے پہلے مرحلے میں آج رات Algiers پہنچ گئی ہیں۔ بھارت کے کسی صدر کا اِن تین افریقی ملکوں کا یہ پہلا دورہ ہے اور یہ دورہ افریقی یونین کو بھارت کی صدارت کے دوران جی-20 گروپ کا ایک مستقل رکن بنائے جانے کے ایک سال بعد ہو رہا ہے۔ بھارت، افریقہ کے ساتھ مضبوط ساجھیداری کا منتظر ہے کیونکہ یہ خود اُن کے اور عالمی جنوب کی ترقی کیلئے نہایت ضروری ہے۔ الجیریا میں تین دن کے قیام کے دوران صدر مرمو الجیریا کے صدر عبد الماجد Tebboune اور اعلیٰ رہنماؤں کے ساتھ دو طرفہ میٹنگیں کریں گی۔ صدر مرمو، بھارت- الجیریا اقتصادی فورم سے بھی خطاب کریں گی۔

پرسار بھارتی کے نمائندے سے بات کرتے ہوئے الجیریا میں بھارت کی سفیر ڈاکٹر سواتی وجئے کلکرنی نے کہا کہ بھارت اور الجیریا کے درمیان خوشگوار تعلقات ہیں اور کئی شعبوں میں دونوں ممالک اشتراک کر رہے ہیں۔

2100- Ambassador- Algeria

اپنے دورے کے دوسرے مرحلے میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، 16 اکتوبر کو موریتانیہ جائیں گی اور آخری مرحلے میں 17 سے 19 اکتوبر تک وہ ملاوی کا دورہ کریں گی۔ اِن ملکوں کے دورے کے دوران، صدر جمہوریہ اعلیٰ قیادت کے ساتھ دو طرفہ میٹنگیں کریں گی اور سرکردہ کاروباری اور صنعتی رہنماؤں اور بھارت نژاد لوگوں سے ملاقات کریں گی۔ x

**BJP Appointment**

BJP نے مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ اور مدھیہ پردیش کے وزیر اعلیٰ موہن یادو کو ہریانہ BJP لیجسلیٹر پارٹی کی اُس میٹنگ کیلئے مرکزی مشاہد مقرر کیا ہے، جس میں لیڈر کا انتخاب کیا جائے گا، جبکہ پارٹی نے مرکزی وزیر پرہلاد جوشی اور پارٹی کے قومی جنرل سکریٹری ترون Chugh کو جموں وکشمیر BJP لیجسلیٹر پارٹی کی میٹنگ کیلئے مرکزی مشاہد مقرر کیا گیا ہے۔ x

**MAHA BABA Siddique Case**

بابا صدیقی قتل کیس میں ایک تازہ ترین پیشرفت یہ ہوئی ہے کہ اتوار کو چھٹی کے دن کام کرنے والی ایک عدالت نے، گولی چلانے والے دو افراد کو، 21 اکتوبر تک پولیس حراست میں بھیج دیا ہے۔

65 سالہ سیاستداں کو تین حملہ آوروں نے باندرہ ایسٹ میں اُن کے بیٹے ذیشان صدیقی کے دفتر کے باہر گولی مار کر ہلاک کردیا تھا۔ مشتبہ افراد، ہریانہ کے گُرمیل سنگھ اور اترپردیش کے دھرم راج کشیپ کو، پولیس نے اِس کیس

میں گرفتار کیا تھا۔ اِس سے پہلے آج ممبئی پولیس نے اِن ملزموں کو، ممبئی کے Esplanade کورٹ میں پیش کیا تھا۔ اِس عدالت نے دوسرے ملزم کو اُس کی، ہڈیوں کی جانچ کئے جانے کے بعد دوبارہ پیش کرنے کی بھی ہدایت دی۔ یہ ہڈیوں کی جانچ ایک طبی طریقۂ کار ہے جس کے تحت کسی شخص کی صحیح عمر معلوم کرنے کیلئے اُس شخص کی ہڈیوں کا تجزیہ کیا جاتا ہے۔x

### MIB Secy Nagpur

اطلاعات ونشریات کے سکریٹری سنجے جاجو نے آج زور دے کر کہا ہے کہ مرکزی حکومت کی اسکیموں کے بارے میں معلومات، وزارتِ اطلاعات ونشریات کے تحت، میڈیا یونٹوں کے ذریعے عوام تک صحیح طرح پہنچ رہی ہیں۔ وہ ناگپور میں وزارت کے تحت، میڈیا کے مختلف یونٹوں کے افسران کے ساتھ ایک جائزہ میٹنگ منعقد کرنے کے بعد، آکاشوانی ناگپور سے خطاب کر رہے تھے۔سکریٹری نے یہ بھی کہا کہ مرکزی حکومت کی اسکیموں کی جانکاری اور اِس کے بارے میں رائے دینے کا نظام، پورے ودربھ میں وزارت اطلاعات ونشریات کی طرف سے چلایا جارہاہے۔

جناب جاجو نے کہا کہ ودربھ میں نہ صرف آکاشوانی اور دوردرشن بلکہ اَمراوتی میں انڈین انسٹی ٹیوٹ آف ماس کمیونی کیشن IIMC بھی اِس خطے میں، معلومات بہم پہنچانے کی خدمات انجام دے رہا ہے۔

انھوں نے کہا کہ اطلاعات ونشریات کی وزارت کے میڈیا یونٹوں نے بھی سووچھ ابھیان اور ایک پیڑ ماں کے نام جیسے اقدامات میں سرگرمی سے حصہ لیا ہے۔ جائزہ میٹنگ کے بعد سکریٹری نے آکاشوانی ناگپور کے اسٹوڈیوز اور دیگر جگہوں کا معائنہ کیا ہے۔x

### Jitendra J&K Students

سائنس وٹیکنالوجی کے وزیرِ مملکت ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے آج، نئی دلّی میں جموں وکشمیر کے طلبا سے بات چیت کی۔ جموں وکشمیر پولیس کے افسران کے ساتھ تقریباً 70 طلبا نے حکومت کے 'بھارت درشن پروگرام' کے تحت راجدھانی کا دورہ کیا۔ اِن میں سے تقریباً آدھے طلبا اُن کنبوں سے تعلق رکھتے ہیں جو فوجی کارروائی کے دوران متاثر ہوئے تھے۔

ڈاکٹر سنگھ نے طلبا کو مشورہ دیا کہ وہ نئی ٹیکنالوجی اپنائیں، اسٹارٹ اَپس کے نئے موقعوں کے بارے میں سیکھیں اور سماج کے مختلف طبقوں میں ترقی کے نئے طریقوں کے بارے میں معلومات حاصل کریں۔ انھوں نے سائنس وٹیکنالوجی، بایوکیمسٹری، مصنوعی ذہانت اور خلا سے متعلق ٹیکنالوجی جیسے شعبوں کا خاص طور سے ذکر کیا۔x

### Maharastra Sharad Pawar

نیشنلسٹ کانگریس پارٹی کے سربراہ شرد پوار نے آج کہا ہے کہ مہاراشٹر کے لوگ، سیاسی تبدیلی چاہتے ہیں۔ انہوں نے اِس یقین کا اظہار کیا کہ آنے والے ریاستی اسمبلی انتخابات کے نتیجے سے لوگوں کے جذبے کی عکاسی ہوگی۔ وہ ممبئی میں مہا وکاس آگھاڑی اتحاد کی ایک مشترکہ پریس کانفرنس میں اظہار خیال کر رہے تھے۔ جناب پوار نے

دعویٰ کیا کہ ریاستی انتظامیہ، جسے کبھی ملک کی بہترین انتظامیہ سمجھا جاتا تھا، Mahayuti حکومت کے تحت اُس کے حوصلے پست ہیں۔ مہاوکاس آگھاڑی اتحاد نے نظم و نسق کی صورتحال، خواتین کے تحفظ، بدعنوانی، منشیات کی لعنت، کسانوں کی خودکشی، پیپر لیک، بے روزگاری اور مہاراشٹر سے صنعتوں کو منتقل کیے جانے سمیت مختلف معاملوں پر برسرِاقتدار Mahayuti سرکار کی نکتہ چینی کی۔ x

## CCPA OLA

صارفین کے تحفظ کی مرکزی اتھارٹی CCPA نے OLA کمپنی کو ہدایت دی ہے کہ وہ ایک ایسا طریقہ شروع کرے جس سے صارفین کے پاس اپنی رقم واپس لینے کا متبادل بھی موجود ہو۔ CCPA نے کمپنی سے کہا ہے کہ صارفین کیلئے ایک طریقہ شروع کرے کہ وہ شکایت دور کئے جانے کے عمل کے دوران یا تو براہِ راست یا اپنے بینک کھاتے میں یا کوپن کے ذریعے رقم واپس حاصل کرسکیں۔OLA کو یہ ہدایت بھی دی گئی ہے کہ وہ صارفین کو اپنے پلیٹ فارم پر کی گئیں سب بکنگس کے عوض، بل، رسید یا Invoice فراہم کرے۔ امید ہے کہ اِن سفارشات سے اِن خدمات میں اور زیادہ شفافیت اور جوابدہی پیدا ہوگی۔x

## WB Junior Doctors Strike

مغربی بنگال جونیئر ڈاکٹرس فرنٹ سے تعلق رکھنے والے 7 احتجاجی ڈاکٹر، وسطی کولکاتہ Mancha میں اب بھی بھوک ہڑتال پر ہیں۔ وہ R.G Kar میڈیکل اور اسپتال میں حال ہی میں ایک جونیئر ڈاکٹر کی وحشیانہ عصمت دری اور قتل کے سلسلے میں دس نکاتی مطالبات پر زور ڈالنے کی غرض سے بھوک ہڑتال کر رہے ہیں۔ احتجاج کرنے والے جونیئر ڈاکٹروں کی حمایت اور یکجہتی کے اظہار کے طور پر مغربی بنگال کے جوائنٹ پلیٹ فارم آف ڈاکٹرس سے تعلق رکھنے والے سینئر ڈاکٹروں نے کل سے 48 گھنٹے تک کام نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ہنگامی خدمات کو اِس فیصلے سے مستثنٰی رکھا گیا ہے۔ انڈین میڈیکل ایسوسی ایشن کا مغربی بنگال یونٹ آج ایک علامتی بھوک ہڑتال کا پروگرام کر رہا ہے۔ اُدھر BJP کے ریاستی صدر Sukanta مجمدار نے کہا ہے کہ مغربی بنگال BJP، ممتا بنرجی سرکار کے خلاف جونیئر ڈاکٹروں کے فرنٹ کے ایجیٹیشن کی مکمل حمایت کرتی ہے۔x

## MHA United Nations Day

وزارت داخلہ نے سبھی ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقوں کے مرکزی محکموں اور انتظامیہ سے درخواست کی ہے کہ وہ اقوام متحدہ کا دن منانے کیلئے اِس ماہ کی 24 تاریخ کو ملک کی سبھی اہم عمارتوں پر قومی ترنگا لہرائیں۔ وزارت کی طرف سے جاری ایک ہدایت نامے میں کہا گیا ہے کہ راشٹر پتی بھون، نائب صدر جمہوریہ کی رہائش گاہ، پارلیمنٹ ہاؤس، سپریم کورٹ کی عمارت، اور ملک میں راج بھونوں، یا قانون سازکونسل کے ارکان، قانون ساز اسمبلی کے ارکان اور ہائیکورٹس کی عمارتوں پر اقوام متحدہ کا پرچم نہ لہرایا جائے۔x

### Kullu Dussehra

ہماچل پردیش کے کُلّو میں بین الاقوام دسہرہ فیسٹول روایتی رسم و رواج کے ساتھ آج سے شروع ہوگیا ہے۔ گورنر شیو پرتاپ شکلا نے اِس تقریب کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر بھگوان رگھوناتھ کے ایک رتھ جلوس کو تاریخی Dhalpur گراؤنڈ لے جایا گیا، جس میں ہزاروں لوگوں نے شرکت کی۔

پیش ہے ایک رپورٹ............

VC- Ritesh Kapoor-Shimla

ایک ہفتے تک جاری رہنے والے اِس فیسٹول کا افتتاح گورنر شیو پرتاپ شکلا نے کیا۔ نائب وزیر اعلیٰ مکیش اگنی ہوتری، چیف پارلیمانی سکریٹری سُندر سنگھ ٹھاکر اور دیگر اہم شخصیات ہزاروں لوگوں کے ساتھ روایتی لباس زیب تن کیے ہوئے اِس موقع پر موجود تھے۔ دسہرہ فیسٹول کے دوران 25 ملکوں کے ثقافتی گروپ اپنی کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے۔ اِس موقع پر مختلف کھیل کود مقابلے بھی منعقد کیے جائیں گے۔ 19 اکتوبر کو بین الاقوامی دسہرہ فیسٹول ایک حصے کے طور پر Kullu Carnival منعقد کیا جائے گا، جس میں مختلف سرکاری محکموں کے پروگراموں اور حصولیابیوں کو اجاگر کیا جائے گا۔ وزیر اعلیٰ سُکھو ویندر سنگھ سُکھو 19 اکتوبر کو اختتامی تقریب میں مہمانِ خصوصی کے طور پر شرکت کریں گے۔

شملہ سے رتیش کپور کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں اصغر علی

### IMD Rain Warning

بھارت کے محکمۂ موسمیات نے تمل ناڈو، پڈوچیری، کرائیکل، کیرالہ اور ساحلی آندھرا پردیش میں اگلے چار دن کے دوران شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ اس نے گجرات، کونکن، گوا، مدھیہ مہاراشٹر، مراٹھواڑہ، مدھیہ پردیش، وِدربھ اور چھتیس گڑھ میں بھی ہلکی سے اوسط بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات کے محکمے نے کہا ہے کہ جنوب مغربی مانسون، بہار اور جھارکھنڈ کے باقی حصوں، پورے مغربی بنگال، سکّم اور چھتیس گڑھ، مدھیہ پردیش، اڈیشہ، آسام اور میگھالیہ سے ختم ہوگیا ہے۔ IMD نے کہا ہے کہ جنوب مغربی مانسون کے اگلے دو دن کے دوران ملک کے باقی حصوں سے بھی ختم ہوجانے کا امکان ہے۔ x

### Emmanuel Macron Lebnon

فرانس کے صدر ایمانوئل میخوں نے، لبنان میں فوری طور پر جنگ بندی کیلئے کہا ہے۔ میخوں نے، لبنان کی پارلیمنٹ کے اسپیکر Nabih Berri سے فون پر بات کرتے ہوئے کہا کہ لبنان میں فوری طور پر جنگ بندی کی جانی چاہئے۔میخوں نے لبنان میں اسرائیلی حملوں کی شدت اور شہریوں پر اُس کے المناک اثرات پر گہری تشویش کا اظہار کیا۔Berri کے ساتھ گفتگو میں میخوں نے لبنان کے عوام سے کہا کہ وہ ملک کے استحکام اور اتحاد کی خاطر یکجا ہوجائیں۔ انھوں نے سبھی پارٹیوں سے زور دے کر کہا کہ وہ ایک ایسے جامع سیاسی پروگرام کی حمایت کرکے اِس نئے چیلنج کا یکجہتی کے ساتھ سامنا کریں، جس میں ایک ایسا صدر منتخب کرنا بھی شامل ہے جو قومی اتحاد کی ضمانت دیتا ہو۔x

## Womens Cricket T20

خواتین کے ٹی-ٹوینٹی کرکٹ عالمی کپ میں شارجہ میں گروپ اے کے ایک میچ میں آسٹریلیا نے بھارت کے سامنے 152 رن کا نشانہ رکھا ہے۔

اس سے پہلے آسٹریلیا نے ٹاس جیتا اور پہلے بلے بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ اب جبکہ ٹورنامنٹ کے گروپ مرحلے ختم ہونے والے ہیں، بھارتی شائقین کی نگاہیں آج کے میچ پر ٹکی ہوئی ہیں۔ بھارت پہلے ہی نیوزی لینڈ سے ہارچکی ہے۔ایک دوسرے میچ میں انگلینڈ نے آج شام شارجہ میں گروپ بی کے ایک میچ میں اسکاٹ لینڈ کو 10 وکٹ سے ہرا دیا۔

مردوں کے کرکٹ میں سری لنکا اور ویسٹ انڈیز کے درمیان پہلا ٹی-ٹوینٹی بین الاقوامی میچ دامبولا میں جاری ہے۔ ویسٹ انڈیز نے ٹاس جیتا اور پہلے گیندبازی کا فیصلہ کیا۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆